سوال

(844) یہودونصاریٰ کی مخالفت کروو ہ ایک انگلی سے   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ترمذی میں ایک حدیث ہے کہ آقا کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہودونصاریٰ کی مخالفت کروو ہ ایک انگلی سے سلام کے لیے اشارہ کرتے ہیں اور کوئی ہتھیلی سے اشارہ کرتے ہیں اس حدیث کی وضاحت فرمائیں ؟

عباس الٰہی ظہیر

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ترمذی والی حدیث بوجہ ابن لہیعہ ضعیف ہے باقی زبان سے سلام کہہ کر ہاتھ سے اشارہ کرنا درست ہے صرف اشارہ کرنا اور زبان سے سلام نہ کہنا درست نہیں تفصیل تحفۃ الاحوذی جلد نمبر ۳ صفحہ ۳۸۶ میں دیکھ لیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص531

محدث فتویٰ